ज्ञानसेवा तु साफल्यम्

راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد مہاراشٹر، پونے -۳۰

'STARS' پروجیکٹ کے تحت

# مجموعی قدر پیمائی - ۲ : ۲۴-۲۰۲۳ء

## جماعت : آٹھویں - مضمون : اُردو (زبانِ اوّل)

طالب علم کا نام : .................................................... حاضری نمبر : ☐

اسکول کا نام : .................................................... فریق : ....................

مرکز : ................ تعلقہ ................ ضلع ................ تاریخ : ...../...../۲۰۲۴

سوالات اور آموزشی ماحصل کے لحاظ سے نمبرات کے اندراج کی جدول (عملی/ زبانی اور تحریری جانچ کے لیے)

| آموزشی ماحصل | 08.04.15 | 08.04.02 | 08.04.01 | 08.04.04 | 08.04.09 | 08.04.18 | 08.04.05 | 08.04.06 | 08.04.14 | 08.04.08 | 08.04.12 | 08.04.19 | عملی/زبانی نمبرات | تحریری نمبرات | کل نمبرات | دستخط معلم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوال نمبر | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱ تا ۵ | ۶ تا ۱۲ | ۱ تا ۱۲ | |
| حاصل کردہ نمبرات | | | | | | | | | | | | | | | | |
| مختص نمبرات | 02 | 02 | 02 | 02 | 02 | 05 | 04 | 06 | 04 | 11 | 08 | 12 | 10 | 50 | 60 | |

## حصہ اوّل : زبانی جانچ

سوال ۱ : آپ کی پسندیدہ نظم حرکات وسکنات/ ترنم کے ساتھ سنائیے۔ (02)

سوال ۲ : درسی کتاب سے کسی ایک اقتباس کی بلند خوانی مناسب اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کیجیے۔ (02)

سوال ۳ : 'میرا پسندیدہ کھیل' اِس عنوان پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ (کم از کم چار جملے) (02)

سوال ۴ : 'موبائل کی اہمیت' سے متعلق چار جملے سنائیے۔ (02)

سوال ۵ : آپ کے اطراف میں تمباکو اور سگریٹ کا استعمال بہت زیادہ ہوتا ہے۔ اس کے تدارک کے لیے آپ کون کون سی تدابیر اختیار کریں گے؟ (02)

# حصہ دوم : تحریری جانچ

**سوال ۶ :** مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔ **(05)**

| | |
|---|---|
| ۱) افسرانِ بالا = ........................................ | ۲) ہراس = ........................................ |
| ۳) چلمن = ........................................ | ۴) علامت = ........................................ |
| ۵) اطوار = ........................................ | ۶) لالہ زار = ........................................ |
| ۷) موذی = ........................................ | ۸) چاک گریباں = ........................................ |
| ۹) عسرت = ........................................ | ۱۰) ولایت = ........................................ |

**سوال ۷ :** درج ذیل تصویر کا مشاہدہ کیجیے اور اس سے متعلق ۸ جملے لکھیے۔ **(04)**




..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

**سوال ۸ : ذیل کا اقتباس پڑھیے اور دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔** **(06)**

خزانے کے تمام کلرک جانتے تھے کہ منشی کریم بخش کی رسائی بڑے صاحب تک بھی ہے۔ چنانچہ وہ سب اس کی عزّت کرتے تھے۔ ہر مہینے پنشن کے کاغذ بھرنے اور روپیا لینے کے لیے جب وہ خزانے میں آتا تو اس کا کام اسی وجہ سے جلد جلد کر دیا جاتا تھا۔ پچاس روپے اس کو اپنی تیس سالہ خدمات کے عوض ہر مہینے سرکار کی طرف سے ملتے تھے۔ ہر مہینے دس دس کے پانچ نوٹ وہ اپنے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے پکڑتا اور اپنے پرانی وضع کے کوٹ کی اندرونی جیب میں رکھ لیتا۔ چشمے میں سے خزانچی کی طرف تشکر بھری نظروں سے دیکھتا اور یہ کہہ کر، "اگر زندگی ہوئی تو اگلے مہینے پھر سلام کرنے کے لیے حاضر ہوں گا۔" بڑے صاحب کے کمرے کی طرف چلا جاتا۔

آٹھ برس سے اس کا یہی دستور تھا۔ خزانے کے قریب قریب ہر کلرک کو معلوم تھا کہ منشی کریم بخش جو مطالبات خفیہ کچہری میں کبھی محافظِ دفتر ہوا کرتا تھا، بے حد وضع دار، شریف الطّبع اور حلیم آدمی ہے۔ منشی کریم بخش واقعی ان صفات کا مالک تھا۔ کچہری میں اپنی طویل ملازمت کے دوران افسرانِ بالا نے ہمیشہ اس کی تعریف کی ہے۔ بعض مُنصِفوں کو منشی کریم بخش سے محبت ہو گئی تھی۔ اس کے خلوص کا ہر شخص قائل تھا۔

الف) منشی کریم بخش کو ماہانہ کتنی پنشن ملتی تھی؟ (01)

**جواب :** ..........................................................................................

ب) پہلی جوڑی کا تعلق دیکھ کر دوسری جوڑی مکمل کیجیے۔ (01)

جیسے : خزانے کی دیکھ بھال کرنے والا : خزانچی

۱) حفاظت کرنے والا : ..........................................................

۲) عدالت میں فیصلہ کرنے والا : ..........................................................

ج) منشی کریم بخش کن خوبیوں کا مالک تھا؟ (02)

**جواب :** ..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

د) منشی کریم بخش سے متعلق شبکی خاکہ مکمل کیجیے۔ (02)

**منشی کریم بخش کا تعارف**

| ملازمت | میعاد |
| --- | --- |
| | |

**سوال ۹ : ذیل میں دیے گئے مکالمہ کو بغور پڑھ کر اس کے نیچے دیے ہوئے سوالوں کے صحیح جوابات کے گرد دائرہ بنائیے۔**

**(04)**

''تم سوئی نہیں عالیہ بٹی؟'' دعا ختم کر کے کریمن بوا نے پوچھا۔

''نیند نہیں آئی کریمن بوا اور ...'' وہ چپ ہوگئی۔

''کیا بھوک لگی ہے بٹیا کو؟ ایک روٹی اُلٹ دوں، آگ جلا کر؟''

''نہیں کریمن بوا، شاید پڑھنے کی آواز سے جی بھر آیا ہے۔ تم کو دادی سے کتنی محبت تھی، کریمن بوا۔ شاید دادی بھی تم کو اتنا ہی چاہتی ہوں گی۔''

''کیا مالکن مجھے بھی ...؟'' کریمن بوا نے اُلٹا سوال کر دیا۔

''تم نے دادی کا زمانہ نہیں دیکھا بٹیا، پتا نہیں وہ کسی کو چاہتی تھیں بھی یا نہیں۔ ہاں صرف چھوٹے میاں کو چاہتی تھیں جو پتا نہیں کہاں کھو گئے۔ انھیں خلافت کے جلسے لے گئے۔ ہم تو نوکر لوگ تھے عالیہ بٹیا، ہماری کیا حیثیت۔''

الف) نیند کسے نہیں آ رہی تھی؟ (01)

۱) کریمن بوا ۲) مالکن کو

۳) عالیہ کو ۴) دادی کو

ب) دادی کسے چاہتی تھی؟ (01)

۱) کریمن بوا کو ۲) چھوٹے میاں کو

۳) عالیہ کو ۴) کسی کو بھی نہیں

ج) کریمن بوا کون ہے؟ (02)

۱) بوا ۲) دادی

۳) ماں ۴) نوکرانی

**سوال ۱۰ : (الف) مندرجہ ذیل درسی نظم کا بغور مطالعہ کر کے نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ (07)**

اے وطن ، میرے وطن ، قربان تجھ پر جان و تن

کھلکھلاتی تیری ندیاں ، گنگناتے آبشار
لہلہاتے کھیت تیرے ، نکہت آگیں لالہ زار

آسماں کی رفعتوں کو چھونے والے کوہسار
مست و رقصاں یہ گھٹائیں اور یہ ساون کی پھوار

ہر طرف اک کیف و مستی ، ہر طرف رنگِ خمار
غنچے غنچے پر جوانی ، پتے پتے پر نکھار

موتیوں کو اپنے دامن میں سجائے سبزہ زار
خوشبوؤں کو اپنے آنچل میں لیے صبحِ بہار

سرو و سنبل کے نظارے ، یہ چناروں کی قطار　　یہ بساطِ لالہ و گل ، یہ ہوائے خوش گوار
تیری ارضِ حسن پر فطرت کے لاکھوں شاہکار　　ذرّے ذرّے سے ترے کیفِ ازل ہے جلوہ بار
میرے سینے میں رہے ہر وقت تیری ہی لگن
اے وطن ، میرے وطن ، قربان تجھ پر جان و تن

۱) مندرجہ بالا نظم کی صنف پہچانیے ۔ صحیح جواب کے گرد دائرہ بنائیے۔ (01)

۱) قصیدہ　　۲) مرثیہ

۳) گیت　　۴) نعت

۲) کس مصرع میں ہمالیہ کے پہاڑی سلسلوں کی طرف اشارہ ہے؟ (01)

**جواب:** مصرع : ..............................................................................................................

۳) نظم میں سے مترادفات تلاش کر کے لکھیے ۔ (02)

جیسے : مست و رقصاں

۱) ..................................................　　۲) ..................................................

۴) شاعر نے وطن کی خوبیوں کو کن لفظوں میں بیان کیا ہے؟ (02)

**جواب :** ..............................................................................................................

..............................................................................................................

۵) نظم میں آئے ہوئے درختوں کے نام لکھیے ۔ (01)

**جواب :** ..............................................................................................................

**(ب) : ذیل کے نکات کی مدد سے کہانی لکھیے ۔** **(04)**

| |
|---|
| دو دوست ...... سفر پر جانا ...... راستے میں دونوں کے درمیان جھگڑا ہونا ...... ریت پر لکھنا میرے دوست نے طمانچہ مارا ...... دوسرے دوست کا دلدل میں پھنسنا ...... جان بچانا ...... دوست کا پتھر پر لکھنا ...... میرے دوست نے میری جان بچائی۔ |

..............................................................................................................

..............................................................................................................

..............................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

**سوال ۱۱ : (الف) درج ذیل اشتہار کا بغور مطالعہ کر کے نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے ۔** **(04)**

## اشتہار

### صفوان ای-میگزین

☆ صفوان ای-میگزین کے لیے **خاتون سب ایڈیٹر** کی ضرورت ہے جو اُردو زبان و بیان پر عبور رکھنے کے علاوہ اُردو اِن پیج سافٹ ویئر پر کام کرنے کا تجربہ رکھتی ہوں۔

☆ اُمیدوار اُردو میں گریجویٹ کے ساتھ ساتھ جرنلزم میں ڈگری/ ڈپلوما یا کسی جگہ کام کی مہارت و تجربے کی بنیاد پر ترجیح دی جائے گی۔

درخواست مع دستاویزات مندرجہ ذیل ای-میل پر بھیجیں

editor@safwan.in

منجانب : چیف ایڈیٹر، صفوان ای-میگزین

۱) اشتہار کے مطابق صفوان ای-میگزین میں کس کی ضرورت ہے؟

**جواب :** ..............................................................................................................................

۲) اُمیدوار کے لیے کون کون سی تعلیمی قابلیتوں کا ہونا ضروری ہے؟

**جواب:** ..............................................................................................................................................

۳) اُمیدوار کو درخواست کہاں بھیجنا ہے؟

**جواب:** ..............................................................................................................................................

۴) اشتہار دینے والا کون ہے؟

**جواب:** ..............................................................................................................................................

**ب) : آپ کے اسکول میں لی گئی سرگرمی یا پروگرام کی روداد ذیل کے نکات کی مدد سے لکھیے۔** **(04)**

۱) سرگرمی/ پروگرام کا نام ۲) سرگرمی/ پروگرام کے مقاصد

۳) سرگرمی/ پروگرام کی اہمیت و افادیت ۴) سرگرمی سے متعلق آپ کی رائے

..............................................................................

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

**سوال ۱۲ :** **ذیل کے سوالوں کے جواب لکھیے۔** **(12)**

۱) محاورے کا مطلب لکھ کر جملے میں استعمال کیجیے۔ (02)

**منہ میں پانی بھر آنا** مطلب : ..............................................................................................

جملہ : ..............................................................................................................................................................

۲) ذیل میں دیے ہوئے الفاظ کے معنی والا دو حرفی لفظ 'خرگوش' میں تلاش کیجیے۔ (02)

الف) گدھا : ............................................... ب) اگر کا مخفف : ...............................................

۳) درج ذیل جملے میں علاماتِ اوقاف لگا کر جملہ دوبارہ لکھیے۔ (02)

تھامس کا استاد البرٹ چِلّایا او بے وقوف تم نے میری تین سال کی محنت برباد کردی

..............................................................................................................................................................

۴) دیے گئے شعر کی صنعت پہچانیے۔ (01)

بڑھا کے حسنِ صداقت سے دوستی میں نے      خرید لی ہے زمانے سے دشمنی میں نے

**جواب:** ..............................................................................................................................................................

۵) صحیح متبادل کا انتخاب کر کے جملہ مکمل کیجیے۔ (01)

خیر سے خود حضرت دو سیر دودھ ............................... نوش کرتے ہیں۔ (تنہا ، روزانہ ، یومیہ)

۶) لفظ کے شروع میں سابقہ 'با' لگا کر بامعنی لفظ بنائیے۔ (02)

جیسے : با + ادب = باادب

الف) با + ........................ = ...............................................

ب) با + ........................ = ...............................................

۷) تصویر دیکھ کر کہاوت لکھیے۔ (01)



کہاوت = ..............................................................................................

۸) فقرے کے لیے ایک لفظ لکھیے۔ (01)

الف) حفاظت کرنے والا = ...............................................

ب) اذان دینے والا = ...............................................

■■■